# SUMMATIVE ASSESSMENT III 2025-26

## (Model)

## URDU

Time:1.30 Hrs. STD:X

Cool off Time:15 Minutes Max. Marks:40

---

**നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.
- എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരം എഴുതണം.
- A അല്ലെങ്കിൽ B എന്ന തരത്തിലുള്ള ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഏതെങ്കിലും ഒന്നിന് ഉത്തരം എഴുതിയാൽ മതിയാകും.

---

**1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے** **1x4=4**

1 شعر غور سے پڑھیے۔ 1

سمندر سے آئی تو سوغات لائی مٹانے کو گرمی کے برسات لائی

اس شعر میں کس موضوع کے بارے میں بیان کرتا ہے؟

(سیلاب ہوا گرمی ٹھنڈک)

2 یوگا سے متعلق نیچے دیے گئے جملے غور سے پڑھیے اور گروہ سے نامناسب جملے چن کر لکھیے۔ 1

a) یوگا ایک ورزش ہے۔

b) یوگا کرنے سے دلی اور جسمانی صحت حاصل ہوتی ہے۔

c) یوگا جاپان کی دین ہے۔

d) یوگا کرنے سے مختلف بیماریاں دور ہو جاتی ہے۔

3 حسرت موہانی کے بارے میں دیے گئے جملے غور سے پڑھیے۔ 1

a) حسرت موہانی اردو کے بہت بڑے شاعر ہیں۔

b) حسرت موہانی ہندوستان کے مجاہدِ آزادی تھے۔

c) حسرت موہانی اردو کے مشہور افسانہ نگار ہیں۔

d) حسرت موہانی ایک اردو صحافی تھے۔

ان میں حسرت موہانی سے تعلق نہ رکھنے والے جملے چن کر لکھیے۔

4 نیچے دیے گئے جملے غور سے پڑھیے۔ 1

الف) ہمیں انسان کو انسان بنانے والے مذہب کی ضرورت ہے۔

ب) ہمیں ایک دوسرے کی دکھ درد کو سمجھ کر ان کی مدد کرنا چاہیے۔

a) اس میں 'الف' اور 'ب' دونوں جملے صحیح ہے۔

b) 'الف' سہی ہے اور 'ب' سہی نہیں ہے۔

c) 'الف' اور 'ب' دونوں سہی نہیں ہے۔

d) 'الف' سہی نہیں ہے 'ب' سہی ہے۔

**5 سے 8 تک کے سولوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **2x4=8**

5 A) نظم 'ہماری تاریخ' میں مختلف تہواروں کا ذکر کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تہواروں کو منانے سے محبت اور بھائی چارگی بڑھ جاتی تھی۔ ایسا کیوں کہا جاتا ہے؟ آپ کے خیالات لکھیے۔ 2

B) تنگ جذبات کے گھیروں سے نکل آئے ہیں آج آزاد ہیں ہم، ذہن ہمارا آزاد

شاعر کہتا ہے کہ ہم تنگ جذبات سے نکل کر آئے ہیں۔ تنگ جذبات سے یہاں کیا مراد ہے؟

6 A) جانے کتنے کانٹے ٹوٹے ان کے ننگے ہاتھوں میں 2

گاؤں والے تب بیٹھے برگد کی ٹھنڈی چھاؤں میں

اس شعر میں شاعر ضمیر جعفری مزدوروں کے مسائل کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

مزدوروں کو کیا کیا مسائل پیش آتے ہیں؟ اپنی رائے پیش کیجیے۔

B) محنت، میدانوں کا سونا چاندی ہے کہساروں پر

محنت، ہی سے آج بشر کا ہاتھ ہے چاند ستاروں پر

اس شعر میں شاعر محنت کش لوگوں کی عظمت کو پیش کیا ہے۔؟

دنیا کی ترقی میں محنت کش لوگوں کی اہمیت کیا ہے؟ اپنے خیالات لکھیے۔

7 اشاروں کی مدد سے دو یا تین سوالات تیار کیجیے۔ 2

مارچ کا مہینہ تھا۔ آم کے درخت پر بہت آم تھے۔ پکے آم کی خوشبو باغ میں پھیل گئی تھی۔

جوزف کچھ دیر خاموش رہا۔ اس نے آنکھیں بند کیں اور یادوں میں گم ہو گیا۔

(کیا، کہاں، کیوں، کب، کس)

8 "حضور! میں اب اندھا نہیں ہوں۔ میری بینائی واپس آگئی ہے" لائکور کی باتیں سننے کے بعد 2
وزیر حکیم خان نے بادشاہ سے کہا۔
بچو، حکیم خان نے بادشاہ سے ایسا کیوں کہا؟ اپنی رائے پیش کیجیے۔

**9 سے 12 تک کے سوالوں کے جواب مختصر طور پر لکھیے۔ 3x4=12**

9 A) سابق صدرِ جمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کا قول ہے کہ "اگر آپ سورج کی طرح چمکنا 3
چاہتے ہیں تو پہلے سورج کی طرح جلنا سیکھیں"
اس قول پر آپ کی رائے لکھیے۔

B) امبیڈکر کو اسکول کے نل سے پانی لینے کی اجازت نہ تھی۔ کیا آج کے زمانے میں بھی اس طرح کے
مسائل موجود ہیں؟ آپ کی رائے پیش کیجیے۔

10 "پنچایت کے مسند پر بیٹھ کر کوئی کسی کا دوست ہوتا ہے نہ دشمن۔ انصاف کے سوا اسے 3
کچھ نہیں سوجھتا"
جمّن شیخ کی اس قول کی بنیاد پر پریم چند کا افسانہ 'پنچایت' کے پیغام پر آپ کی رائے پیش کیجیے۔

11 یُوراج سنگھ ہندوستان کے مشہور کرکٹ کھلاڑی ہے۔ انھوں نے اپنی زندگی میں کئی مشکلات کا 3
سامنا کر کے کرکٹ کے میدان میں آگے بڑھے۔
آپ ان کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟
مسائل کا سامنا کر کے ہم زندگی میں کیسے آگے بڑھ سکتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

12 "دریائے نیل میں کشتی کا سفر زندگی بھر نہیں بھول سکتا" 3
ایس۔ کے پوٹّاکاڈ اپنی سفر نامہ میں لکھتا ہے
بچو، کیا آپ کے زندگی میں بھی کوئی ایسا واقعہ ہے جو آپ نہیں بھول سکتے؟۔ پسندیدہ سفر کے کوئی ایک
واقعہ یاد کر کے لکھیے۔

## 13 سے 16 تک کے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 4x4=16

13 شعر غور سے پڑھیے۔ 4

عجب شے ہے نیّر جہاں میں ہوا بھی
کہ نعمت کہیے اسے اور بلا بھی

شاعر شفیع الدّین نیّر اس شعر میں ہوا کی دو پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

بچو، آپ نے ہوا کو کیسے محسوس کیا۔ شعر کی روشنی میں آپ کے خیالات لکھیے۔

14 A) اشعار غور سے پڑھیے۔ 4

تفریق رنگ و نسل مٹاتے چلے چلو — انسانیت کی شان دکھاتے چلے چلو
ٹوٹے ہوئے دلوں کو محبت سے جوڑ دو — جوہر عمل کے اپنے دکھاتے چلے چلو

شاعر ان اشعار میں انسانیت اور محبت کی بات کرتا ہے۔

یہ موضوع آج کتنی اہمیت رکھتی ہے ؟ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

B) نظم 'درسِ عمل' میں شاعر ہندوستان کی ترقی میں محبت، بھائی چارگی اور اتحاد کی اہمیت کو پیش کیا ہے۔

ملک کی ترقی اور خوش حالی کے لیے ہمیں کیا کیا کرنا چاہیے ؟ نظم کی روشنی میں اپنے خیالات لکھیے۔

15 A) بچو، 'رعایا کی خدمت' کہانی میں حضرت عمر بے سہارا عورت کا سہارا بن جاتا ہے۔ 4

اگر حضرت عمر کی جگہ آپ ہو تو بے سہارے لوگوں کی خدمات کے لیے کیا کیا قدم اٹھائیں گے ؟ لکھیے۔

B) بچو، 'رعایا کی خدمت' کہانی میں حضرت عمر بوڑھی عورت کی مدد کرتا ہے۔

اس کہانی سے ہمیں کیا پیغام ملتا ہے۔ کہانی کی روشنی میں اپنے خیالات تفصیل سے لکھیے۔

16 پوسٹر غور سے پڑھیے اور اس کی مدد سے اس پروگرام کا اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔ 4

**جشنِ عالمی یوم اردو**

9 نومبر 2025

اسکول آڈیٹوریم

| | |
|---|---|
| افتتاح | : راج کمار (صدرِ پنچایت) |
| صدارت | : میری تومس (ایچ۔ایم) |
| انعامات کی تقسیم | : رحیم صاحب (وارڈ ممبر) |
| کلچرل پروگرام | : اردو کلب کے ممبران |